© rasailojaraid.com

چھوٹے چھوٹے رسالوں کا جو مفید سلسلہ جاری ہے یہ کتاب اس کی ہی ایک کڑی ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ بچوں کی ابتدائی تعلیم صرف و نحو ان کی مادری زبان میں ہونی چاہئے اور پھر قواعد کو ذہن نشین کرانے کی غرض سے ان کی مشق و تمرین مختلف قسم کی مانوس و متداول مثالوں سے ہونی چاہئے، لائق مرتب نے انھیں دو اصولوں پر اس کتاب کو مرتب کیا ہے وہ چونکہ اس مضمون کے استاد ہونے کی حیثیت سے بچوں کی استعداد ذہنی اور ان کے لئے طریق تفہیم کا خود ذاتی تجربہ رکھتے ہیں اس بنا پر اس کتاب کی زبان، ترتیب، مسائل، امثلہ اور مشقیں وغیرہا سب اس انداز کی ہیں کہ عربی زبان کے مبتدی طلبا اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کر سکتے ہیں یہ کتاب اس لائق ہے کہ عربی کے مدارس و مکاتب ابتدائی درجوں میں صرف کی تعلیم کے لئے اس کو اپنے یہاں شریک نصاب کریں۔

ایک ایکٹ کے ڈرامے از جناب محمد بن عمر ام۔ اے تقطیع خورد ضخامت ۱۰۹ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت ۱۲/ پتہ:- کتاب خانہ عابد روڈ حیدر آباد دکن۔

اگرچہ ہندوستان میں ایک ایکٹ کے ڈرامے عام طور پر مقبول و مروج نہیں ہیں لیکن اس طرح کے ڈرامے ریڈیو اسٹیشن سے نشر کرنے اور کالجوں میں اسٹیج کرنے کے لئے بہت موزوں ہوتے ہیں چنانچہ یہ ڈرامے بھی اب سے دس بارہ سال پہلے انہیں دو غرضوں کے لئے لکھے گئے تھے ان ڈراموں کا اسلوب مزاحیہ ہے اور اس پیرایہ میں سماج کی بعض تلخ و ناگوار حقیقتوں کی پردہ دری کی گئی ہے۔ زبان واقعات کے ساتھ ہم آہنگی اور مطابقت رکھتی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مصنف کو اس فن کے ساتھ طبعی لگاؤ ہے اور ان میں نفسیاتِ انسانی کی تحلیل و تشریح کا بھی اچھا سلیقہ ہے۔

© rasailojaraid.com